سوال

(141) سمعلونا کس زبان کا لفظ ہے اوراس کے کیا معنی ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سمعلونا کس زبان کا لفظ ہے اوراس کے کیا معنی ہیں ، درد دانت دے کو اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے کیا یہ جائز ہے ، اس کو پڑھ کر دم نہیں کیا جاتا بلکہ یا سمعلونا لکھ کر اس پر کیل گاڑے جاتے ہیں ۔ (محمد سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ لفظ اسماعیل کے لفظ سے مشابہ ہے جو عبرانی ہے نون زیادہ معلوم ہوتا ہے ، اسماعیل کے معنی مطیع اللہ کے ہیں، اس کے معنی بھی اسی قسم کے ہیں کسی بزرگ کا نام معلوم ہوتا ہے ، اس قسم کا دم جائز نہیں ۔ (عبداللہ امرتسری مدیر تنظیم ، ۷ ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۸ فروری ۱۹۳۹ء فتاویٰ اہلحدیث روپڑی : جلد اول ، صفحہ ۱۵۸)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 333